بہر حال کتاب اپنی جگہ خاصی افادیت رکھتی ہے اور اس قسم کی کتابیں عربی کی تبلیغ و تعلیم کا موثر ذریعہ ہیں۔ جو لوگ عربی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں انھیں اس کتاب سے فائدہ اٹھانا چاہیے اور جو حضرات ابتدائی عربی اور اس کے قواعد سے آگاہی رکھتے ہیں ان کے لیے یہ کتاب مزید فائدہ مند ثابت ہوگی۔

کتاب کی عربی مشقوں اور قرآن کریم کی آیات میں بہت سی غلطیاں رہ گئی ہیں۔ اس قسم کی کتاب کے عربی اور مشق کے حصہ کو غلطیوں سے پاک ہونا چاہیے تاکہ استاد اور شاگرد دونوں غلطی سے محفوظ رہیں۔ عربی زبان کچھ ایسی ہے کہ حرکات ـــــ زبر، زیر، پیش وغیرہ ـــ میں ذراسی غلطی معانی میں عظیم الشان فرق پیدا کر دیتی ہے۔ امید ہے طباعت ثانیہ میں اس کی اصلاح ہو جائے گی۔ (م - ا)

رسید کتب:

۱ - ادب منزل بمنزل۔ مصنفہ سیدہ انیس فاطمہ بریلوی۔ ناشر: اکیڈمی آف ایجوکیشنل ریسرچ - کراچی - ۱۹۶۶ - ۲۲۲ صفحات۔ قیمت چھ روپیہ

۲ - اسوۂ حسنہ۔ مصنفہ قاری سید کلیم اللہ حسینی۔ ناشر: نیشنل فائن پریس۔ حیدرآباد (ہند) - ۱۹۶۶ - صفحات۔ قیمت ۵۰ پیسے

۳ - سہل التجوید۔ مصنفہ سید کلیم اللہ حسینی۔ ناشر: نیشنل فائن پرنٹنگ پریس۔ حیدرآباد (ہند) ۱۹۶۵ - ۹۶ صفحات۔ قیمت ایک روپیہ۔

۴ - قادیانیت۔ مصنفہ سید ابوالحسن علی ندوی۔ ناشر: ادارۂ نشریات اسلام۔ لاہور - ۱۹۶۶ - ۲۲۸ صفحات۔ قیمت پانچ روپیہ۔

۵ - قرأت سیدنا عاصم کوفی۔ مصنفہ سید کلیم اللہ حسینی ملنے کا پتہ قاری سید عبدالرحیم۔ بازار نورالامرا حیدرآباد (ہند) ۱۹۶۶ - ۵۶ صفحات۔ قیمت ۵۰ پیسے

۶ - قرآن الحکیم۔ مصنفہ عبدالصمد رحمانی۔ ملنے کا پتہ مجلس معارف القرآن۔ دارالعلوم دیوبند ۱۹۶۶ - ۱۲۰ صفحات۔ قیمت دو روپیہ۔

۷ - مکتوبات ولایت مبنی بر قرآنی ہدایت۔ ناشر: میر ولایت علی۔ ادارۂ علمیہ اعظم پورہ شرقی - حیدرآباد ۲۴ (ہند)